## درندہ صفت سفاک دہشت گرد مذموم مقاصد کی تکمیل کیلئے مساجد اور بزرگان دین کے مزارت کو نشانہ بنا رہے ہیں، الطاف حسین

## پشتہ خرہ مسجد اور اپر اورکزئی میں بارودی سرنگ کے دھماکوں میں نمازیوں، سیکوریٹی اہلکاروں کی شہادتوں اور متعدد افراد کے زخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار

لندن۔۔۔22، اکتوبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پشاور کے علاقہ پشتہ خرہ کی مسجد اور اپر اورکزئی ایجنسی میں بارودی سرنگ کے دھماکوں کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور ان دھماکوں میں متعدد نمازیوں سیکوریٹی اہلکاروں کے شہید وزخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ درندہ صفت سفاک دہشت گرد اپنے مذموم مقاصد کی تکمیل کیلئے مساجد اور بزرگان دین کے مزارت کو نشانہ بنا رہے ہیں اور معصوم و بے گناہ شہریوں کو خاک وخون میں نہلا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جو عناصر بھی اس قسم کی دہشت گرد کارروائیاں کررہے ہیں وہ نہ صرف اسلام کے کھلے دشمن ہیں۔ جناب حسین نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جاری جنگ میں پاک فوج، پولیس، ایف سی اور سیکورٹی افسران واہلکاروں اور عوام کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی اور ایک دن ضرور ملک بھر سے دہشت گردی کا قلع قمع ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ بارودی سرنگ کے ذریعے سیکورٹی اہلکاروں کو نشانہ بنانا اور نماز کے دوران مسجد میں بم دھماکہ کرنا بزدلانہ کارروائی ہے اور اس میں ملوث سفاک دہشت گرد ملک وقوم کے کھلے دشمن ہیں۔ جناب الطاف حسین نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی اور وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک سے مطالبہ کیا کہ پشاور کی پستخرہ مسجد میں دھماکہ اور اپر اورکزئی ایجنسی میں بارودی کے دھماکے کا سختی سے نوٹس لیا جائے، دھماکوں کے ذمہ دار عناصر کو گرفتار اور شہریوں کی جان ومال کا تحفظ یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے پشتخرہ مسجد اور باوردی سرنگ کے دھماکے میں شہید ہونے والے نمازیوں اور سیکوریٹی اہلکاروں کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور زخمیوں کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔

## سانحہ شیر شاہ کباڑی مارکیٹ میں ملوث دہشت گردوں کو گرفتار کرکے عبرتناک سزا دی جائے، حق پرست ارکان قومی اسمبلی

## قتل وغارتگری اور دہشت گردی دراصل ایم کیوایم کی حق پرستانہ جدوجہد سے خائف عناصر کی گھناؤنی سازشوں کا تسلسل ہے

## جو عناصر کراچی پر قبضے کے گھناؤنے عزائم رکھتے ہیں، بھتہ خوری، غنڈہ گردی، اغواء برائے تاوان کی وارداتوں میں ملوث ہیں وہی قتل وغارتگری کرکے شہر کراچی کے امن کو بار بار داؤ پر لگا رہے ہیں

کراچی۔۔۔22، اکتوبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے مطالبہ کیا ہے کہ سانحہ شیر شاہ کباڑی مارکیٹ میں ملوث لیاری گینگ وار کے دہشت گردوں کو فی الفور گرفتار کیا جائے اور اس گھناؤنے منصوبے میں شامل دہشت گردوں کو ہی نہیں بلکہ انکے سرپرستوں کو بھی بے نقاب کیا جائے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ شہر کراچی میں سانحہ شیر شاہ کا رونما ہونا اور اس سے قبل پی ایس 94 کے ضمنی انتخاب میں کی جانیوالی قتل وغارتگری اور دہشت گردی دراصل ایم کیوایم کی حق پرستانہ جدوجہد سے خائف عناصر کی گھناؤنی سازشوں کا تسلسل ہے۔ انہوں نے کہا کہ سب جانتے ہیں کہ ایم کیوایم ہی شہر کراچی میں قیام امن کی خواہاں ہے اور شہر کراچی کے امن کی خاطر ایم کیوایم اپنے کارکنان وہمدردوں کی شہادت کا غم صبر وتحمل کے ساتھ ن نہ صرف برداشت کررہی ہے بلکہ شہر میں قیام امن کیلئے عملی کوششیں بھی کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جو عناصر کراچی پر قبضے کے گھناؤنے عزائم رکھتے ہیں اور بھتہ خوری، غنڈہ گردی، اغواء برائے تاوان کی وارداتوں میں ملوث ہیں ان ہی کے سرپرست کراچی کے امن کو بار بار داؤ پر لگا رہے ہیں اور شہر کراچی کے امن کیلئے قربانیاں دینے اور صبر وتحمل اور ضبط کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑنے پر نہ صرف ایم کیوایم کے بے گناہ کارکنان بلکہ ہمدرد عوام اور مختلف قومیتوں سے تعلق رکھنے والے افراد کو بیدردی سے قتل کررہے ہیں اور واپس اپنے اڈوں اور پناہ گاہوں میں پہنچ کر تحفظ حاصل کرلیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شہر میں ہونیوالی قتل وغاتگری اور دہشت گردی کو باشعور طبقہ اگر کھلا عوامی قتل عام سمجھ رہا ہے تو صحیح سوچ رہا ہے اور اس قتل عام پر حکمرانوں کا خواب خرگوشی کے عالم میں رہنا، اس کا مستقل سدباب نہ کرنا اور ایسے جرائم پیشہ اور سماج دشمن عناصر کو ڈھیل دینا لمحہ فکریہ ہے۔ حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک اور وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ سانحہ شیر شاہ کباڑی مارکیٹ میں ملوث دہشت گردوں کو فی الفور گرفتار کیا جائے، شہر میں قتل وغارتگری اور دہشت گردی کا سلسلہ بند کرایا جائے اور عوام کے جان ومال کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے سانحہ شیر شاہ میں شہید ہونے والے افراد کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا اور زخمی ہونے والے افراد کی جلد صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔

## ملتان میں بس میں سلنڈر پھٹنے سے متعدد باراتیوں کے زخمی ہونے پر افتخار اکبر رندھاوا کا اظہار افسوس

ملتان۔۔۔22، اکتوبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن افتخار اکبر رندھاوا نے ملتان میں نیوسبزی منڈی بس اسٹینڈ پر باراتیوں سے بھری بس میں سلنڈر پھٹنے کے نتیجے میں متعدد باراتیوں کے جھلس کر زخمی ہونے پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ ملتان بس اسٹینڈ پر اربن ٹرانسپورٹ کی باراتیوں سے بھری بس میں اچانک گیس سلنڈر پھٹنے آگ بھڑک اٹھی جس نے دیکھتے ہی دیکھتے پوری بس کو اپنی لپیٹ میں لے لیا اور بس میں سوار 35 سے زائد باراتی بری طرح جھلس کر شدید زخمی ہوگئے۔انہوں نے بس میں جھلسنے والے تمام افراد سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا اور ان کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا کی۔

☆☆☆☆☆